دعاء ان چیزوں کے متعلق بھی فائدہ دیتی ہے جو نازل ہو چکی ہیں اور
ان چیزوں کے متعلق بھی جو نازل ہونے والی ہیں۔ پس تم دعا کو لازم کرلو۔ (حدیث شریف)

قرآن وحدیث سے منتخب بخشش ومغفرت،
حصولِ مقاصد اور جسمانی، روحانی وغیرہ امراض کے علاج کیلئے
دعاؤں کا بہترین مجموعہ

# اَلْعِلَاجُ بِالدُّعَاءِ

# Treatment with Duas

## (دعاؤں سے علاج)

مرتب
محترم عالیجناب مرزا خلیل بیگ شکیل قادری صاحب

ناشر
مجلس ابنائے اسلام
قادری چمن روڈ، فلک نما، حیدرآباد۔ تلنگانہ
9246535127

# اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ



ویسے تو بازار میں بہت ساری دعاؤوں کی کتابیں موجود ہیں میری اس دعاؤوں کی کتاب کو لکھنے کا مقصد ومنشا یہ ہے کے یہاں امریکا میں جہاں پر میں گزشتہ 35 سال سے مقیم ہوں اکثر لوگ مجھ سے کہتے رہے کہ بھائی یہاں کے ماحول کی وجہ سے ہمارے بچے ہماری بات ہی نہیں سنتے اپنی من مانی کرتے ہیں، اور بعض تو بُری صحبت میں پڑ گئے ہیں۔ اور بعض لوگوں کی شکایت ہے کے ان پر یا ان کے ہم سفر ساتھی پر کوئی جادو، آسیب یا جن وغیرہ کا اثر ہے جس کی وجہ سے آپسی ازدواجی زندگی میں خوشحالی نہیں ہے، اور کسی کی شکایت ہے کہ ان کے پاس اپنا ذاتی گھر نہیں ہے اور کسی کی شکایت ہے کے ان کے کاروبار میں فائدہ نہیں ہوتا۔

بہر حال یہ صرف امریکا کے ہی حالات نہیں ہے بلکہ دنیا کے اور ملکوں میں بھی اس قسم کے حالات ہیں۔ ان سب چیزوں اور باتوں کو ذہن میں رکھ کر، مدنظر رکھ کر اسی کے حسبِ ضرورت اسی ترتیب سے اس دعاؤوں کی کتاب کو ترتیب دیا ہوں کہ لوگوں کو جس قسم کے مسائل درپیش ہیں وہ اپنی ضرورت کی دعا اس کتاب سے حاصل کرلیں۔ اللہ ہماری ان دعاؤوں کو قبول فرمائے اور امت مسلمہ کو اس کے پڑھنے کا فائدہ دے۔

ہر ایک مسلم بھائی، بہن کو ان دعاؤوں کے پڑھنے کی عام اجازت ہے۔ اور ان دعاؤوں کی خاص بات یہ ہے کے انکی (95%) پرسنٹ دعائیں نہ صرف قرآن پاک سے لی گئی ہیں بلکہ ہر دعا کے ساتھ اس کا ریفرنس بھی لکھ دیا گیا ہے کہ یہ دعا کس سورہ میں ہے اور آیت کا نمبر کیا ہے۔ اور دوسرے صرف (5%) پرسنٹ اور وہ بھی ماثورہ دعاؤوں سے لی گئی ہیں جو کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ارشاد فرمودہ ہیں۔

يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ بِطُفَيلِ رَحْمَةَ الِّلْعَالَمِيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمْ

ہماری دعاؤوں کو قبول فرمائیے۔ اَللّٰھُمَّ آمِيْنَ ثُمَّ آمِيْنَ

مرتبِ کتاب طالب دعا اور محتاج دعا: شکیل قادری شکاگو امریکا
کوئی کامنٹ کرنا چاہیں تو اس ای میل پر لکھ سکتے ہیں
ajskrn@gmail.com



Shakeel Quadri, USA,Chicago,

Assalaamualaikum warahmatullahi wabarkatuhu

Needless to say, there already exists numerous books in the market on various types of duas , but the reason why I've chosen to write my own book is because from the past thirty five years of living in USA, a lot of people have come up to me and shared their thoughts and grievances ranging from the milieu of the US and how it has made children rebels and disobedient to parents, and some even engaged in and with bad company. Then there are those who have talked about facing problems with Black magic and jinn possession either on them or their spouses because of which leading a happily married life seems far fetched. Also, some people have even complained about not having their own house and not being able to make profitable business.

Anyhow this isn't the case just with America but in fact most of the countries around the globe. Keeping all these matters in mind, I have decided to compile this book of duas from which people from all walks of life facing different issues can thereby avail duas according to their needs and situations. May Allah taala accept our duas and bestow His mercy and blessings on our Muslim community.

Every Muslim brother and sister can recite these duas unhesitatingly. And it's worth mentioning that 95% of these duas have been retrieved from the Holy Book of Qur'an and also contains references such as chapters and verses from which the Duas have been compiled. And only 5% of the duas have been included from the Authentic Duas, i.e., the ones that have been said by prophet Muhammad (PBUH).

ajskrn@gmail.com

بسم الله الرحمن الرحيم

# كلمات جليلة

## لفضيلة الشيخ صاحب السمو و السيادة الدكتور زيد يوسف الجيلانى البغدادى متعنا الله بفيوضهم



وقل رب ادخلني مدخل صدق و اخرجني مخرج صدق و اجعل لي من لدنك سلطانا نصيرا
اما بعد فقد اطلعنا على مصنف السيد شكيل باشا الموسوم ب (العلاج بالدعاء) ووجدناه كتابا شافيا وافيا ملخصا لجوهر العبادة و اساس الايمان وقلب الاعتقاد.

وهذا هو جوهر العبادة في الاسلام وهو ان تعبد الله كانك تراه فان لم تراه فانه يراك. وبهذا يكون الدعاء أعظم أنواع العبادة "وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ. الحمد لله رب العالمين، أمر بالدعاء ووعد بالإجابة، فأشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له، توعد المجرمين بالعقاب، ووعد المتقين بالإثابة. فإن الدعاء أعظم أنواع العبادة. فعن النعمان بن بشير رضي الله عنهما عن النبي قال: » الدعاء هو العبادة « ثم قرأ: {وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ} [غافر:60] (رواه أبو داود و الترمذي). وقد أمر الله بدعائه في آيات كثيرة، ووعد بالإجابة، أثنى على أنبيائه ورسله فقال: {إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَباً وَرَهَباً وَكَانُوا لَنَا خَاشِعِينَ} [الأنبياء:90]. وأخبر سبحانه أنه قريب يجيب دعوة الداعي إذا دعاه، فقال سبحانه لنبيه: وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ [البقرة:186]. وأمر سبحانه بدعائه و التضرع إليه، لا سيما عند الشدائد و الكربات. وأخبر أنه لا يجيب المضطر و لا يكشف الضر إلا هو. فقال: {أَمَّن يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ} [النمل:62]. وذم اللذين يعرضون عن دعائه عند نزول المصائب، وحدوث البأساء و الضراء فقال: {وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّبِيٍّ إِلَّا أَخَذْنَا أَهْلَهَا بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُونَ} [الأعراف:94]. وقال تعالى: {وَلَقَدْ أَرْسَلنَا إِلَى أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُمْ بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ. فَلَوْلا إِذْ جَاءهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُواْ وَلَكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ} [الأنعام:42،43]. وهذا من رحمته وكرمه سبحانه فهو مع غناه عن خلقه يأمرهم بدعائه، لأنهم هم المحتاجون إليه قال تعالى: {يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللهِ وَاللهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ} [فاطر:15]. وقال تعالى: {وَاللهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَآءُ} [محمد:38]. وفي الحديث القدسي: {يا عبادي، كلكم ضال إلا من هديته، فاستهدوني أهدكم، يا عبادي، كلكم جائع إلا من أطعمته فاستطعموني أطعمكم، يا عبادي، كلكم عار إلا من كسوته فاستكسوني أكسكم، يا عبادي، إنكم تخطئون باليل و النهار و أنا أغفر الذنوب جميعاً، فاستغفروني أغفر لكم} [رواه مسلم]. و الحديث يطول.

نتمنى للسيد شكيل التوفيق في بحثه و كتاباته و ندعو اله بالنجاح في مسعاه خدمة لديننا و كتابنا و عرفانا بجمائل و الطاف ربنا و اخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين

الدكتور زيد يوسف الكيلاني البغدادي

# تقریظ

**پیر طریقت حضرت مولانا سید سرور چشتی صاحب قبلہ**

**گدی نشین خادم آستانہ عالیہ حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ، اجمیر شریف**



**الحمد للہ رب العالمین و الصلاۃ و السلام علی سید الانبیاء و المرسلین و علی آلہ و أصحابہ و من تبعھم باحسان الی یوم الدین اجمعین۔ امابعد**

جناب شکیل قادری صاحب شکاگو امریکہ مصنف کتاب ''العلاج بالدعاء'' جو ایک نہایت عمدہ کتاب ہے جس میں تمام تر علاج و معالجہ کو قرآن حکیم فرقان مجید کی آیات مبارکہ کی روشنی میں مرتب کیا ہے اس انداز کا کام نہ صرف اپنی حیثیت میں منفرد ہے بلکہ امت کو قرآنی فلسفہ کا یہ درس بھی دیا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور اس میں انسانی مسائل حیات کے تمام گوشوں کا حل موجود ہے۔ میں بارگاہ سلطان الہند حضرت خواجہ سید معین الدین حسن چشتی رحمۃ اللہ علیہ اجمیری سے دعا گو ہوں موصوف شکیل صاحب کی توفیقات میں اللہ تعالیٰ مزید اضافہ عطا فرمائے اور کتاب ہذا کے وسیلہ سے آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو محفوظ و مامون فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین و امام الواسلین۔

# تقریظ

## حضرت مولانا سید محمد اولیاء حسینی مرتضی پاشاہ صاحب قبلہ دامت برکاتھم

## (نبیرہ حضرت شیخ الاسلام لئیق علیہ الرحمہ)



**الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ وأصحابہ ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین اجمعین۔ امابعد**

بندہ اس عالم میں رب کا دیدار نہیں کرسکتا‘ رب کی بات کو اپنے کانوں سے سن نہیں سکتا ‘لیکن اپنی التجا کو دعا کے ذریعہ ضرور رب تک پہنچا سکتا ہے۔ رب تعالی کا اعلان ہے: اے حبیب ﷺ میرے بندے اگر میرے بارے میں آپ سے سوال کریں تو فرما دیجئے کہ میں انکے قریب ہوں اور دعا کرنے والے کی دعا کا جواب دیتا ہوں۔

بندوں سے مانگا جائے تو وہ ناراض ہوتے ہیں اور رب سے نہ مانگا جائے تو وہ ناراض ہوتا ہے۔ رب کی بارگاہ عظیم تر ہے لیکن حکم یہانتک ہے کہ یہ بھی نہ سوچا جائے کہ یہ تو چھوٹی سی چیز ہے رب کی بارگاہِ عظیم سے اسے کیسے مانگو۔ حضور ﷺ نے فرمایا: نمک بھی مانگنا ہو تو رب سے مانگو۔

دعا: بذاتِ خود ایک عبادت ہے‘ دعا: مایوسی میں امید کی کرن پیدا کرتی ہے اور مشکل میں آسانی کی بشارت سناتی ہے‘ دعا ہر چیز کا علاج اور ہر مسئلہ کا حل ہے۔ بشرطیکہ دل سے‘ قبولیت کے یقین کے ساتھ کی جائے‘ نیک لوگوں کی دعا میں اثر زیادہ ہوتا ہے‘ انکے وسیلہ سے دعائیں مقبول ہوتی ہیں لیکن ہرگز ایسا نہیں کہ دعا صرف نیک لوگوں کی ہی قبول ہوتی ہے بروں کی نہیں:

کسی آئین کی پابند نہیں دین انکی — چاہتے ہیں تو خطاؤں پہ بھی عطا کرتے ہیں

بعض دعاؤں کا تعلق خدائے تعالی سے تعلق بندگی اور رسولِ اکرم ﷺ سے تعلق غلامی کو مضبوط کرنے سے ہے تو بعض صبح‘ شام پڑھنے کی ہیں‘ بعض روزمرہ کے معمولات کی ہیں تو بعض مشکلات سے چھٹکارے کی‘ بعض بیماریوں سے شفا کی ہیں تو بعض حفاظت کی‘ بعض مقصد و مراد پورا ہونے کی ہیں تو بعض مغفرت و بخشش کی۔ آقا سید عالم ﷺ کا ہم پر عظیم احسان ہے کہ آپ ﷺ نے مسنون دعاؤں کی شکل میں ہمیں ہر موقع و مرحلہ کی دعا سکھلائی۔

یوں تو دعاؤں کی مختلف کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن زیر نظر کتاب ’’اَلْعِلَاجُ بِالدُّعَاءِ (دعاؤں سے علاج)‘‘ کتب

ادعیہ میں ایک خاص اضافہ ہے۔اس تالیف میں قرآنی دعائیں بھی ہیں اور مسنون دعائیں بھی' بزرگان دین کے وظائف بھی ہیں اور درود وسلام کے نذرانے بھی۔اس کتاب کی خصوصیت یہ ہیکہ ہر دعا کا حوالہ بھی درج ہے اور انگریزی دان حضرات کا لحاظ کرتے ہوئے عنوان' ترجمہ اور حوالے کو اردو زبان کے ساتھ انگریزی زبان میں بھی درج کیا گیا ہے۔ دعاؤں کو مضمون کے اعتبار سے تقسیم کیا گیا ہے تا کہ تلاش کرنے میں آسانی ہو۔

جہاں تک مولفِ کتاب کی بات ہے تو محترم جناب مرزا خلیل بیگ شکیل قادری صاحب اور انکے بڑوں کا بارگاہِ قادری چمن سے گہرا تعلق رہا ہے۔شکیل قادری صاحب کی حضرت حبیب عمر حسینی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے خاص وابستگی وارادت کی نسبت رہی ہے' جوانی کے زمانہ سے ہی آپ صوفی منش آدمی رہے ہیں' اولیاء اللہ سے عقیدت اور انکی بارگاہوں کی زیارت انکا مزاج رہا ہے' امریکہ سے جب کبھی آتے ہیں تو اللہ والوں کے مزارات کی زیارت کرتے ہیں اور بزرگوں خاص طور پر قادری چمن کے بزرگوں کی صحبتوں میں بیٹھتے اور ان سے فیضیاب ہوتے ہیں۔

اپنے پیر ومرشد حضرت حبیب عمر حسینی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حکم پر آپ رحمت آباد شریف گئے اور وہاں چالیس دن چلہ کشی کئے' سوالاکھ' سوالاکھ مرتبہ بسم اللہ اور سورہ فاتحہ کی زکات انجام دئے۔پھر حضرت کے حکم پر تزکیۂ نفس کا مرحلہ شروع کیا تو اللہ تعالی نے انکی زبان میں اثر پیدا کیا چنانچہ حضرت حبیب عمر حسینی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس لوگ حاضر ہوتے تو آپ فرماتے ''شکیل میاں کے پاس جا کر پانی دم کرالو'' پھر آپ کے گھر پر عوام وخواص کی آمد کا سلسلہ لگا رہتا۔اسکے بعد آپ یو ایس (us) چلے گئے لیکن وہاں پر بھی بزرگوں سے وابستگی اور مخلوقِ خدا کی خدمت آج بھی جاری ہے۔اپنے پیروں کی نصیحت کے مطابق ''خالق کی عبادت اور مخلوق کی خدمت'' پر عمل پیرا ہیں۔رب تعالی انکی کوششوں کو قبول فرمائے اور آپ نے جن دعاؤں کو جمع کیا ہے انہیں انکے پڑھنے والوں کے حق میں با اثر اور مقبول بنائے۔

اس کتاب کی ترتیب وتصحیح اور اردو کا کام مولانا محمد نذیر خان صاحب ناظم مدرسہ الزہراء للبنات کی کوششوں سے پورا ہوا ہے اور زبانِ انگریزی میں عنوان' ترجمہ اور حوالوں کا عمل میری دختر سیدہ فضہ فاطمہ کی محنت وجستجو سے تکمیل پایا ہے۔اللہ پاک انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

دعا ہے کہ رب ذو الجلال اس کتاب کو قبولیتِ عام سے نوازے اور دعاؤں کے حصول واشاعت میں مفید سے مفید تر بنائے۔اور مولف کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے۔آمین بجاہ طٰہٰ ویٰس وآلہ الطیبین۔

سید محمد اولیاء حسینی (قادری چمن' حیدر آباد)

بتاریخ: ۱۱ ربیع الثانی ۱۴۴۲ھ بروزِ جمعہ

# فہرستِ مضامین


| | |
|---|---|
| 4 | کلمات جلیلة فضیلة الشیخ الدکتور زید یوسف الجیلانی البغدادی مدظلہ العالی |
| 5 | تقریظ حضرت مولانا خواجہ سید غیاث الدین چشتی مدظلہ العالی (اجمیر شریف) |
| 6 | تقریظ حضرت مولانا سید سرور چشتی صاحب مدظلہ العالی (اجمیر شریف) |
| 7 | تقریظ حضرت مولانا سید محمد اولیاء حسینی مرتضیٰ پاشاہ مدظلہ العالی (قادری چمن) |
| 17 | کلمات جلیلة ڈاکٹر زید یوسف گیلانی بغدادی مدظلہ العالی (بغداد شریف) |
| 20 | Foreword Syeda Fizzah Fatima (Quadri Chaman) |
| 24 | Importance of dua (supplications)/دعا کی اہمیت |
| 26 | **تعلق باللہ میں مضبوطی کیلئے دعائیں**<br>Duas for strong connection with Allah |
| 26 | Dua to seek allah's consent رضائے الٰہی کے حصول کے لئے دعا |
| 26 | Trust and Reliance on Allah اللہ ہی پر میرا بھروسہ ہے |
| 27 | Dua to seek guidance ہدایت پانے کے لئے دعا |
| 28 | To seek help from Allah اللہ کی مدد پانے کے لئے |
| 29 | For creation of attainment اسباب پیدا ہونے کے لئے دعا |
| 29 | My sustenance is from Allah میرا پالنے والا تو وہی ہے |
| 30 | Thanking Allah for his infinite grace رب کے فضل کا شکریہ |
| 30 | Don't despair from the mercy of Allah خدا کی رحمت سے ناامید مت ہوں |
| 31 | Dua to Thank Allah رب کا شکر ادا کرنے کی دعا |
| 31 | Best Tasbeeh بہترین تسبیح |
| 32 | **تعلق بالرّسول ﷺ میں مضبوطی کے لئے دعائیں**<br>Duas for strong connection with Prophet |
| 32 | Ayate durood آیتِ درود |
| 32 | Durood e ibrahim درودِ ابراہیم |
| 33 | Durood e shareef درودِ شریف |
| 33 | Durood e shareef درودِ شریف |

| | |
|---|---|
| 34 | Durood e nariyah درودِ ناریہ |
| 35 | دعا کی قبولیت کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جالی مبارک پر لکھی ہوئی تحریر<br>Verses written on the Golden Grill of Prophet's Chamber |
| 35 | Seeking Intercession through Prophet حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وسیلہ |
| 36 | Dua for martyrdom in sacred city of Madina مدینہ منوّرہ میں شہادت کے لئے دعا |
| 37 | **بخشش ومغفرت کے لئے دعائیں**<br>Duas for mercy and forgiveness |
| 37 | The Best method of asking Allah for forgiveness/ سیّد الاستغفار (سب سے اعلیٰ استغفار) |
| 38 | Asking for forgiveness استغفار |
| 38 | For the forgiveness of sins گناہوں کی معافی کے لئے |
| 39 | Ayate kareemah آیتِ کریمہ |
| 40 | **ماں باپ کیلئے دعائیں**<br>Duas for Parents |
| 41 | **میاں بیوی کے لئے دعائیں**<br>Duas for Husband and wife |
| 41 | For love between husband and wife زوجین میں محبت کے لئے |
| 42 | Dua for Marital Bliss خوش حال ازدواجی زندگی کے لئے دعا |
| 43 | اگر چاہتے ہو کہ آپ کی بیوی اور اولاد آپ سے ہمیشہ وفادار رہیں تو یہ دعا پڑھئے<br>Dua for Loyal Wife and Children |
| 44 | **اولاد کے لئے دعائیں**<br>Duas for children |
| 44 | Dua for pious and Obedient children اولاد نیک اور فرمانبردار ہونے کے لئے |
| 44 | Dua to save children from bad deeds. اولاد کو برے کاموں سے بچانے کے لئے دعا |
| 45 | اپنے اور اپنی اولاد کے نمازی بننے کے لئے دعا<br>Dua to be and make children regular in prayers (Salah) |
| 45 | Dua for children to stay on the right path/ اولاد نیک راستے پر رہنے کے لئے دعا |
| 46 | اولاد کی بری صحبت سے نجات کے لئے دعا<br>Dua for children getting rid of bad company |
| 46 | Dua when a child gets lost اولاد گم ہوجائے تو پڑھنے کی دعا |

| | |
|---|---|
| 46 | Dua to conceive children اولاد ہونے کے لئے دعا |
| 47 | Dua for the return of missing child گمشدہ اولاد کے حصول کے لئے دعا |
| 47 | Dua to conceive a son اولادِ نرینہ کے لئے دعا |
| 48 | Dua to conceive son or daughter بیٹے اور بیٹی کے لئے دعا |
| 49 | **رزق کے لئے دعائیں دعا**<br>Duas for sustenance |
| 49 | Dua to acquire sustenance حصولِ رزق کے لئے دعا |
| 49 | Dua for ease in acquiring sustenance رزق میں آسانی کے لئے دعا |
| 50 | Dua for abundant sustenance رزق میں کشادگی کے لئے دعا |
| 50 | Dua for wealth دولتمندی کے لئے دعا |
| 51 | **گھر کے لئے دعائیں**<br>Duas for home |
| 51 | Dua to have one's home رہنے کو گھر پانے کے لئے دعا |
| 52 | Dua if you are looking for a home اگر اچھے گھر کی تلاش میں ہوتو یہ پڑھیں |
| 52 | Dua for peace in home گھر میں سکون کے لئے دعا |
| 52 | Dua while descending anywhere کسی جگہ اترنے پر پڑھنے کی دعا |
| 53 | **حفاظت کے لئے دعائیں**<br>Duas for protection |
| 53 | Hifazat ke liye dua حفاظت کے لئے دعا |
| 53 | محفوظ رہنے کے لیے حصار (۴ آیات)<br>Hisaar (imaginary Fort) for Protection (4 Ayaat) |
| 55 | Dua against injustice and oppression ظلم سے حفاظت کے لئے دعا |
| 55 | زمین کے فتنوں سے نجات کے لئے دعا<br>Dua to seek refuge from worldly (Fitnah) trials |
| 56 | بچھو کے کاٹنے اور ہر طرح کے شر سے حفاظت کے لئے دعا<br>Dua from protection against scorpion's sting and any type of evilness |
| 56 | زمین میں اور آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی<br>Nothing will harm you with in the earth or in the skies |
| 57 | Dua for protection from fire آگ سے حفاظت کے لئے دعا |

| | |
|---|---|
| 58 | **شفا کے لئے دعائیں**<br>Duas for healing |
| 58 | بری بیماریوں سے حفاظت کے لئے دعا<br>Dua for protection against devastating diseases |
| 58 | Dua for physical wellbeing جسمانی عافیت کے لئے دعا |
| 59 | Dua for wellbeing عافیت کی دعا |
| 59 | Ma"fi ki dua معافی کی دعا |
| 60 | Dua for power and strength طاقت وقوت پانے کے لئے دعا |
| 60 | Dua to be beautiful خوبصورتی کے لئے دعا |
| 61 | Dua to cure insane دیوانہ شخص ٹھیک ہونے کے لئے دعا |
| 61 | Dua to cure blindness اندھا پن دور کرنے کے لئے دعا |
| 62 | زبان کی لکنت ودیگر اعضاء کی درستگی کی دعا<br>Dua to cure stammer and protection of every organ |
| 62 | Maa ke doodh aane ke liyedua ماں کا دودھ آنے کے لئے دعا |
| 62 | Dua to get rid of trouble and pain تکلیف دور کرنے کے لئے دعا |
| 63 | پیر سلمان گیلانی قبلہ کی دی ہوئی دعا برائے صحت<br>Duas recommended by Peer Salman Gilani Qibla for health |
| 64 | Dua to cure knee pain گھٹنوں کی تکلیف دور کرنے کے لئے دعا |
| 65 | Dua to maintain good eyesight آنکھوں کی روشنی کے لئے دعا |
| 65 | Dua to cure blindness نابینا پن دور کرنے کے لئے |
| 65 | Dua to get rid of hearing impairment سماعت کی کمزوری دور کرنے کے لئے دعا |
| 66 | Dua for regaining consciousness بے ہوش کو ہوش میں لانے کے لئے |
| 66 | شفا کے لئے حسب ذیل آیاتِ شریفہ ۔(٦ آیاتِ شفاء)<br>Healing verses in Quran |
| 67 | ہڈیوں کی کمزوری اور سفید بالوں کا علاج<br>Dua to cure weakness of bones and grey hair |
| 68 | Dua to get rid of chest diseases سینے کی بیماری دور کرنے کے لئے |

| | |
|---|---|
| 69 | **مقصد پورا ہونے کے لئے دعائیں**<br>Dua to accomplish goal |
| 69 | پیر سلمان گیلانی قبلہ کی دی ہوئی دعا برائے حصولِ مقصد<br>Duas recommended by Peer Salman Gilani Qibla For protection from Shaitan and attainment of goal |
| 70 | Dua for rectification of affairs اپنے سب کاموں کی اصلاح کے لئے دعا |
| 71 | Dua for goodness in all affairs کام بنانے کے لئے دعا |
| 71 | Dua for success کامیابی کے لئے آیت |
| 72 | Dua for judgement with justice حق کے ساتھ صحیح فیصلے کے لئے |
| 72 | Dua to get rid of Adversities ہر طرح کی تنگی دور کرنے کے لئے آیت |
| 73 | **مختلف کاموں کے لئے دعائیں**<br>Dua for different chores |
| 73 | Dua for a sound sleep آرام کی نیند کے لئے دعا |
| 73 | اگر کسی بڑی مشکل اور پریشانی میں گرفتار ہو تو پڑھنے کی دعا<br>Dua when you are going through tough times |
| 74 | Dua for settlements of debts/loans قرض کی ادائیگی کے لئے دعا |
| 74 | امام جعفر صادق (رضی اللہ عنہ) سے منقول ہے کہ ادائے قرض کے لیے یہ دعا پڑھو<br>Imam Jafer Sadiq is reported to have stated that the following supplication be recited : |
| 75 | Dua to become self-reliant با اختیار بننے کے لئے دعا |
| 75 | Dua to get rid of fear خوف دور کرنے کے لئے آیت |
| 76 | دشمن کے مکر کو ناکام بنانے کے لئے<br>Dua to make the enemy's fraudulent efforts futile |
| 76 | Dushman se muqabile ke waqt ki dua دشمن سے مقابلے کے وقت کی دعا |
| 77 | Dua for protection against disbelievers' attack کفّار کے حملے کے وقت کی دعا |
| 78 | Dua for peace and harmony in the city. شہر میں امن و امان کے لئے دعا |
| 78 | جھوٹے الزام سے بری ہونے کے لئے دعا<br>Dua to prove yourself innocent from false allegations |
| 78 | Dua for freedom from captivity جیل سے رہائی کے لئے دعا |

| | |
|---|---|
| 79 | ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے<br>You will be vouchsafed against the fear and grievance |
| 79 | Dua for reconciliation amongst kinship آپسی دشمنی ختم |
| 80 | Dua to lead a dignified life. عزت کی زندگی کے لئے دعا |
| 80 | Dua when you mount any mode of transport سواری کی دعا |
| 81 | For assured acceptance of dua دعا کی قبولیت کے لئے دعا |
| 81 | Dua for the atonement after a gathering کفارۂ مجلس |
| 82 | Dua for dying as a martyr اگر چاہتے ہو کہ تمہیں شہادت جیسی سعادت میسر ہو |
| 82 | Dua for a good end خاتمہ بالخیر کی دعا |
| 83 | **علم کے لئے دعائیں**<br>Dua to gain knowledge |
| 83 | Dua to acquire knowledge حصولِ علم کے لئے دعا |
| 84 | Dua to seek beneficial knowledge علمِ نافع کے لئے دعا |
| 84 | To acquire knowledge and wisdom علم اور حکمت کے لئے دعا |
| 84 | Dua to gain knowledge علم میں اضافہ کے لئے دعا |
| 85 | Dua against weakness of memory نہ بھولنے کے لئے آیت |
| 86 | **صبح، شام پڑھنے کی دعائیں**<br>Duas for morning and evening |
| 86 | Dua to be recited in the morning صبح کے وقت پڑھنے کی دعا |
| 87 | Dua for morning and evening صبح، شام پڑھنے کا وظیفہ |
| 87 | Wazifa for morning and evening(3 times) صبح، شام کا وظیفہ (3 مرتبہ پڑھیں) |
| 88 | Duas for moring and evening صبح، شام کے وقت کی دعا |
| 88 | کاہلی اور بڑھاپے کی خرابی سے پناہ کے لئے صبح کے وقت پڑھنے کی دعا<br>Dua to seek protection from laziness and old age , to be recited in the morning |
| 90 | **جادو، بدنظری اور روحانی امراض سے حفاظت کے لئے دعائیں**<br>Dua to seek protection from Black magic, evil eyes and spiritual sickness. |
| 90 | To reverse a hex جادو کا الٹ |

| | |
|---|---|
| 90 | ہر طرح کے جادو ٹونے اور نظر بد کا توڑ<br>Dua to eliminate every kind of black magic and evil eye. |
| 91 | To eliminate affects of blackmagic جادو کا اثر ختم |
| 92 | Dua to get of hardships and trials غم سے نجات کے لئے دعا |
| 92 | Dua to get rid of sorrows رنج و غم دور |
| 93 | Ghabrahat door karne ke liye dua بے چینی، گھبراہٹ دور کرنے کے لئے دعا |
| 93 | Dua to seek protection from evil eye نظر بد سے بچنے کے لئے دعا |
| 94 | Dua for protection from one's evil self نفس کی شرارتوں سے حفاظت |
| 94 | Dua to befriend enemy دشمن بھی دوست ہو جانے کے لئے دعا |
| 95 | بے چینی، رنج و غم اور بری عادتوں سے حفاظت کے لئے<br>Dua for protection against anxiety,sorrow and bad habits. |
| 96 | اگر چاہتے ہو کہ شیطان تم سے ہمیشہ دور رہے تو یہ پڑھئے<br>Dua for protection against devil. |
| 96 | رنج و تکلیف اور بادشاہ و حاکم کے خوف کو دور کرنے کیلئے دعائے اہل بیت پڑھنی چاہئے<br>Dua e Ahlebait to be recited for protection against sorrows, troubles and fear of ruler or king. |
| 98 | **دعائے رَبَّنَا (قرآنی دعائیں)**<br>Duaie rabbana(qurani duaein) |
| 102 | **قصیدہ بردہ شریف سے علاج**<br>Qasidah burdah shareef se ilaj |
| 102 | جملہ مصائب سے حفاظت کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ مبارک کے قفل پر یہ لکھا ہے<br>Dua from protection against miseries These verses are written on the lock of Prophet's chamber |
| 102 | For forgiveness of sins گناہوں کی معافی کے لئے |
| 103 | For protection against adversities مصیبتوں سے محفوظ رہنے کے لئے |
| 103 | To cure paralysis and epilepsy فالج، مرگی کی بیماری سے شفا کے لئے |
| 104 | Maqsad ki takmeel ke liye مقصد کی تکمیل کے لئے |
| | |

| | |
|---|---|
| 106 | **جامع دعائیں**<br>Concise Duas |
| 108 | The six kalimahs چھ کلمے |
| 108 | اَوّل کلمہ طیّب/ دوّم کلمہ شہادت/ سوّم کلمہ تمجید |
| 109 | چہارم کلمہ توحید/ پنجم کلمہ ردِّ کفر |
| 110 | ششم کلمہ اِستغفار |
| 111 | **سوتے وقت کی دعائیں**<br>Duas to be recited be for e going to sleep |
| 116 | نعتِ رسولِ آخر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (ترمیم) |
| 120 | URDU DUA اردو دعا |
| 123 | English Dua دعا بزبان انگریزی |

# تقریظ

تقدس مآب حضرت ڈاکٹر زید یوسف گیلانی بغدادی صاحب مدظلہ ابن حضرت نقیب الاشراف بارگاہ غوث اعظم سید یوسف گیلانی بغدادی دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقُلْ رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِي مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيرًا

(اور آپ (اپنے رب کے حضور یہ) عرض کرتے رہیں: اے میرے رب! مجھے سچائی (وخوشنودی) کے ساتھ داخل فرما اور مجھے سچائی (وخوشنودی) کے ساتھ باہر لے آ' اور مجھے اپنی جانب سے مددگار غلبہ وقوت عطا فرما دے)۔ (سورۃ بنی اسرائیل' آیت:۸۰)۔

امابعد: جناب شکیل پاشاہ کی تصنیف ''اَلْعِلَاجُ بِالدُّعَاءُ'' کو دیکھنے کا موقع ملا' ہم نے اسے شافی ووافی کتاب پایا جو کہ عبادت کا جوہر' ایمان کی بنیاد اور اعتقاد کا دل یعنی دعاؤں کا مجموعہ ہے۔

اس بات میں نہ کوئی شک ہے نہ اختلاف کہ دعا بندے اور رب کے درمیان راست گفتگو ہے۔ بلا شبہ ہم بشر اور بندے ہیں ہم رب سبحانہ وتعالی کو دیکھ نہیں سکتے اور نہ سن سکتے ہیں مگر ہم ایسے مومن وموحد ہیں جو رب تعالی کے وجود اور سننے' دیکھنے اور جواب دینے پر اسکے قادر ہونے کا یقین مطلق رکھتے ہیں۔

یہی اسلام میں عبادت کا جوہر ہے کہ تم اللہ کی ایسے عبادت کرو گویا کہ تم اسکو دیکھ رہے ہو اگر تم اسکو نہیں دیکھتے تو بلا شبہ وہ توتمھیں دیکھ رہا ہے۔ اسی سبب سے دعا کا شمار عبادت کی عظیم اقسام میں ہوتا ہے۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ (سورۃ الغافر' آیت: ۶۰)۔ (اور تمہارے رب نے فرمایا ہے تم لوگ مجھ سے دعا کیا کرو میں ضرور قبول کروں گا، بے شک جو لوگ میری بندگی سے سرکشی کرتے ہیں وہ عنقریب دوزخ میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے۔)

تمام تعریف اللہ رب العالمین کے لئے ہے' اس نے دعا کرنے کا حکم فرمایا اور دعا قبول کرنے کا وعدہ بھی فرمایا۔ پس میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے اسکا کوئی شریک نہیں۔ اس نے مجرموں سے سزا کا اور متقین سے ثواب کا وعدہ فرمایا۔

بلا شبہ دعا عبادت کی ایک عظیم قسم ہے چنانچہ نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: دعا عین عبادت ہے۔ پھر آپ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی: (اور تمہارے رب نے فرمایا ہے تم لوگ مجھ سے دعا کیا کرو میں ضرور قبول کروں گا، بے شک جو لوگ میری بندگی سے سرکشی کرتے ہیں وہ عنقریب دوزخ میں ذلیل ہوکر داخل ہوں گے۔) (أبوداود، ترمذي)۔

اللہ سبحانہ وتعالی نے کثیر آیات میں اس سے دعا کرنے کا حکم فرمایا اور قبولیت کا وعدہ فرمایا، اس نے انبیاء ورسل کے ذریعہ (دعا کرنے والوں کی) تعریف بھی فرمائی، ارشادفرمایا: { إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَباً وَرَهَباً وَكَانُوا لَنَا خَاشِعِينَ۔ [سورۃ الأنبياء" آیت:90]

(بیشک یہ (سب) نیکی کے کاموں (کی انجام دہی) میں جلدی کرتے تھے اور ہمیں شوق ورغبت اور خوف وخشیّت (کی کیفیتوں) کے ساتھ پکارا کرتے تھے، اور ہمارے حضور بڑے عجز و نیاز کے ساتھ گڑگڑاتے تھے۔)

اللہ سبحانہ نے اس بات کو بتلایا کہ وہ قریب ہے دعا کرنے والی کی دعا کو قبول فرماتا ہے جب وہ دعا کرتا ہے۔ چنانچہ اپنے نبی ﷺ سے فرمایا: وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ [سورۃ البقرۃ، آیت:186]. (۱۸۶) اور (اے حبیب!) جب میرے بندے آپ سے میری نسبت سوال کریں تو (بتا دیا کریں کہ) میں نزدیک ہوں، میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب بھی وہ مجھے پکارتا ہے۔)۔

اور اللہ سبحانہ نے حکم فرمایا کہ اس سے مانگا جائے اور اسکی بارگاہ میں گڑگڑایا جائے خصوصا مشکلات اور پریشانیوں کے وقت۔ اور بندوں کو خبر دی کہ تکلیف زدہ کی دعا کو وہی قبول کرتا اور تکلیف کو وہی دور کرتا ہے۔ فرمایا: { أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ } [سورۃ النمل، آیت:62]

(بلکہ وہ کون ہے جو بے قرار شخص کی دعا قبول فرماتا ہے جب وہ اسے پکارے اور تکلیف دور فرماتا ہے۔) اور ان لوگوں کی مذمت بیان کی جو مصائب کے نزل اور مشکل وتنگی کے وقت بھی اس سے مانگنے سے اعراض کرتے ہیں۔ ارشاد فرمایا: { وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّبِيٍّ إِلاَّ أَخَذْنَا أَهْلَهَا بِالْبَأْسَاء وَالضَّرَّاء لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُونَ } [سورۃ الأعراف، آیت:94]. (اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا مگر ہم نے اس کے باشندوں کو (نبی کی تکذیب ومزاحمت کے باعث) سختی وتنگی اور تکلیف ومصیبت میں گرفتار کرلیا تاکہ وہ آہ وزاری کریں۔)

ایک اور مقام پر فرمایا: { وَلَقَدْ أَرْسَلنَا إِلَى أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُمْ بِالْبَأْسَاء وَالضَّرَّاء لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ. فَلَوْلا إِذْ جَاءهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا وَلَكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ }[سورة الأنعام:آيات:42،43]. (اور بیشک ہم نے آپ سے پہلے بہت سی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے، پھر ہم نے ان کو (نافرمانی کے باعث) تنگ دستی اور تکلیف کے ذریعے پکڑ لیا تاکہ وہ (عجز و نیاز کے ساتھ) گڑگڑائیں۔ پھر جب ان تک ہمارا عذاب آپہنچا تو انہوں نے عاجزی وزاری کیوں نہ کی؟ لیکن (حقیقت یہ ہے کہ) ان کے دل سخت ہو گئے تھے اور شیطان نے ان کے لئے وہ (گناہ) آراستہ کر دکھائے تھے جو وہ کیا کرتے تھے۔)

یہ رب تعالی کی رحمت اور اسکا کرم ہے کہ مخلوق سے اسکی بے نیازی کے باوجود وہ انہیں دعا کرنے کا حکم فرماتا ہے کیونکہ وہ اسکے محتاج ہیں: ارشاد باری ہے: { يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنتُمُ الْفُقَرَاء إِلَى اللهِ وَاللهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ } [سورة فاطر 'آیت:15]. (اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ ہی بے نیاز اور سراپا قابلِ حمد ہے) اللہ تعالی نے فرمایا: { وَاللهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَاءُ } [سورة محمد 'آیت: 38]. (اللہ ہی بے نیاز ہے اور تم محتاج ہو) حدیثِ قدسی ہے: يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ إِلَّا مَنْ هَدَيْتُهُ، فَاسْتَهْدُوْنِي أَهْدِكُمْ، يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ جَائِعٌ، إِلَّا مَنْ أَطْعَمْتُهُ، فَاسْتَطْعِمُوْنِي أُطْعِمْكُمْ، يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ عَارٍ، إِلَّا مَنْ كَسَوْتُهُ، فَاسْتَكْسُوْنِي أَكْسُكُمْ، يَا عِبَادِيْ إِنَّكُمْ تُخْطِئُوْنَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَأَنَا أَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيْعًا، فَاسْتَغْفِرُوْنِي أَغْفِرْ لَكُمْ۔ (صحيح مسلم) (اے میرے بندو! تم سب کے سب گمراہ ہو مگر جسے میں نے ھدایت دی، پس تم مجھ سے ہدایت مانگو میں تمہیں ھدایت دوں گا، اے میرے بندو! تم سب کے سب بھوکے ہو سوائے اسکے جسے میں کھلاؤ، پس تم مجھ سے کھانا طلب کرو کہ میں تمہیں کھلاؤنگا، تم سب کے سب بے لباس ہو سوائے اسکے جسے میں پہناؤ، پس تم مجھ سے لباس مانگو کہ میں تمہیں لباس دونگا، اے میرے بندو! تم رات دن غلطیاں کرتے ہو اور میں تمام گناہوں کو بخشتا ہوں پس تم مجھ سے مغفرت طلب کرو کہ میں تمہیں بخش دونگا)۔

ہم مؤلفِ کتاب جناب شکیل صاحب کے لئے انکی اس کوشش اور تالیف میں رب کی توفیق کے متمنی ہیں اور دعا گو ہیں کہ انکی اس سعی کو کامیاب کرے جو کہ دین کی خدمت اور رب کی عنایات و مہربانیوں کی معرفت کا ذریعہ ہے۔ و آخر دعوانا اَن الحمد للہ رب العالمین۔

(ڈاکٹر زید یوسف گیلانی بغدادی)

۱۶ ڈسمبر ۲۰۲۰

# Foreword

Fizzah Fatima D/o Syed Mohammed
Auliya Hussaini Murtaza pasha

Dua is conversation with Allah, our Creator, our Lord and Master, the All Knowing, the All Powerful. This act in itself is of extraordinary significance. It is the most uplifting, liberating, empowering, and transforming conversation a person can ever have. We turn to Him because we know that He alone can lift our sufferings and solve our problems. We feel relieved after describing our difficulties to our Creator. We feel empowered after having communicated with the Almighty. We sense His mercy all around us after talking to the Most Merciful. We get a new commitment to follow His path for that is the only path for success. We feel blessed with each such commitment.

In every difficulty our first action is dua, as is our last. We ask Allah to show us the way to handle that difficulty; we seek His help in following the path He shows to us; we seek His aid in making our efforts successful. When we fall sick, we know that we cannot find the right doctor without His Will; that the best doctor may not be able to diagnose our condition without His Command; that the best treatment plan will not succeed without His Permission. We make dua for all of these. We make dua before we seek medical help, while we are receiving it and after it has been delivered. The same is true of all other difficulties we may encounter.

Dua is the essence of ibadah. A person engaged in dua affirms his belief in Tawheed (monotheism) and shuns belief in all false gods. With each dua his belief in Allah grows. He beseeches Him, affirming his own powerlessness. A person seriously and sincerely engaged in dua understands exactly the relationship between himself and the Creator and affirms it through his actions. That is the essence of worship! Additionally, such a person can never become arrogant or proud, a logical result of true worship.

We should make it a point to make dua for all things big and small. It is the beginning of wisdom to realize that big and small are arbitrary labels that are totally irrelevant in this context. Nothing is too big for Whom we are asking from; nothing is too small for the one who is asking. That is why we have been taught to ask Allah when we need something as small as shoelaces. We should ask as a beggar, as a destitute person, for that is what we in reality are in relationship to Allah. At the same time we should ask with great hope and conviction that we shall be granted our prayers. We should remember the Hadith: "There is nothing more dear to Allah than a servant making dua to Him." On the other hand, a prayer lacking concentration and conviction is no prayer at all.

We should make dua not only for ourselves but also for our parents, brothers and sisters, spouses and children, relatives and friends, teachers and other benefactors, and destitute and struggling Muslims everywhere. We should pray for them for the good in this world as well as in the Hereafter. The Prophet said: "The dua of a Muslim for his brother (in Islam) in his absence is readily accepted. An angel is appointed to his side. Whenever he makes a beneficial dua for his brother the appointed angel says, 'Aameen. And may you also be blessed with the same.'" [Sahih Muslim]

The dua can change our life, our outlook, and our fate. It is the most potent weapon. But it works only for those who try sincerely and seriously to use it.

"Al-ilaaju bid-dua " is a multilingual book in Arabic, Urdu and English. A book which compiles all authentic dua for muslims to supplicate on a daily basis and on special occasions, Each Dua in the book is translated into English. Due consideration was taken when translating this book in English to make it feasible and accessible for English readers as well and for those who can only understand urdu but aren't well versed with reading it. This book of Duas is extremely handy and can be carried by whosoever desiring a life free from difficulty and hassle. Upon recitation and memorization of duas during difficult times, it can prove to be highly beneficial.

The author Mohtaram Janaab Mirza Khalil Baig Shakeel Quadri Sahab undertook the task of compiling more than 200 Duas that are not commonly documented and are taken majorly from Quran and rest from Sahih Bukhari, Muslim, Abu Dawood, Tirmidhi, and other authentic books. The author's eye for detail is extremely noteworthy as each Dua has been curated according to varied situations that a Muslim brother/sister may come across in their daily life.

Mohtaram Janaab Mirza Khalil Baig Shakeel Quadri Sahab has immense love and devotion for Allah, His prophet (saw), Ahlulbait , Sahabah and awliya which stems from the basic Sufi teachings, To achieve the love of Allah, we first have to love those who Allah loves the most.

He also possess immense love and have a deep spiritual connection with Hazrat Abdul Qadir Jilani Ghouse e Azam ( Rehmatullah alahi ). He significantly contributed to the growth of the Tariqae Qadriyyah in United States which is reflected through his work.

May Allah reward Mohtaram Janab Mirza Khalil Baig Shakeel Quadri sahab for this book . We ask Allah to accept this work as a sincere act and that He place it in our scale of good deeds on the Day of judgement. And we ask that He benefit all the Muslims with it .

Fizzah Fatima
D/o Syed Mohammed Auliya hussaini Murtaza pasha

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ يَا سَيِّدِیْ يَاحَبِيْبَ الله

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ يَا سَيِّدِیْ يَا نَبِیَّ الله

يَا نَبِیْ سَلَامُ عَلَیْكَ يَا رَسُوْلُ سَلَامُ عَلَیْكَ

يَا حَبِيْبُ سَلَامُ عَلَیْكَ صَلَوَاتُ الله عَلَیْكَ

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام
مِہرِ چرخِ نبوت پہ روشن دُرود
گلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام

مہمان بن کے آئے کسی روز اگر وہ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)
صلی اللہ علیٰ محمد ۔صلی اللہ علیہ وسلم
اس روز بِن سجائے میرا گھر سجا لگے

خلق کے وارث خدارا لو سلام اب تو ہمارا
شکیلؔ شیدا تمہارا پھر رہا ہے کب سے مارا مارا
درود پڑھنے سے ثواب ملتا ہے
سلام پڑھنے سے یار کا جواب ملتا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ يَا سَيِّدِیْ يَاحَبِيْبَ الله ﷺ

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

“I seek refuge in Allah from the outcast Shaitan ”. In the name of Allah, the Most Gracious, the Most Merciful”

# دعا کی اہمیت

## Dua ki ahmiyat
## Importance of dua (supplications)

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۔

اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو میں نزدیک ہوں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے، پس چاہئے کہ وہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

And when My servants ask you concerning Me (tell them), I am nearby indeed, I answer the prayer of the supplicant when he prays to Me, so they should respond to My call, and believe in Me (that I possess all these attributes) so that they may proceed in the right way.

(2 Surah-al-baqarah"Ayat:186 سورۃالبقرۃ،آیت:۱۸۶۔)

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ

اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔

“Your Lord has proclaimed, “Call upon Me, I will respond to you”

(40 Surah Gafir "Ayat:60 سُوْرَۃُالمؤمن/غافر،آیت:۶۰۔)

اِنَّ رَبِّيۡ قَرِيۡبٌ مُّجِيۡبٌ

بیشک میرا رب قریب اور دعاؤں کا قبول کرنے والا ہے۔

Indeed My Lord is near, responsive to prayers.

(سُوۡرَۃُ ھود'آیت: ۶۱۔ 11 Surah Hood"Ayat:61)

وَنَحۡنُ أَقۡرَبُ اِلَيۡهِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِيۡدِ

اور ہم (اللہ) انسان کے اس قدر قریب ہیں کہ اسکی رگِ گردن سے بھی زیادہ۔

Allah is closer to you than your jugular vein.

(سُوۡرَۃُ قٓ'آیت: ۱۶۔ 50 Surah Qaaf "Ayat:16)

اَمَّنۡ يُّجِيۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكۡشِفُ السُّوۡٓءَ وَيَجۡعَلُكُمۡ خُلَفَآءَ الۡاَرۡضِ ۔
ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِيۡلًا مَّا تَذَكَّرُوۡنَ ۔

بے کس کی پکار کو جب کہ وہ پکارے، کون قبول کر کے سختی کو دور کر دیتا ہے؟ اور تمہیں زمین کا خلیفہ بناتا ہے؟
(یہ سن کر بتلاؤ کہ) کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟! (مگر) تم لوگ بہت ہی کم یاد رکھتے ہو۔

Is He [not the best] Who answers the distressed person when he calls on Him, and removes (his) distress? And Who is it that makes you (the) rulers in the land? Is there any other god beside Allah ? Little is the heed you take!)

(سورۃ النمل'آیت: ۶۔ 27 Surah-al-naml"Ayat:6)

# تعلق باللہ میں مضبوطی کیلئے دعائیں

Ta"alluq billah ke liye duain
Duas for strong connection with Allah

## رضائے الٰہی کے حصول کے لئے دعا

Raza e ilahi ke husool ke liye dua
Dua to seek allah's consent

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا

میں راضی ہو گیا اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر

. I am pleased with Allah as a Lord and Islam as a religion and Muhammad peace be upon to him as a Prophet.

(سنن الترمذی، أَبْوَابُ الدَّعَوَاتِ۔ Sunan-AL-timizi"Kitab-AL-Da"waat)

## اللہ ہی پر میرا بھروسہ ہے

Allah hi par mera bharosa hai
Trust and Reliance on Allah

(۱) وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ۔

میری توفیق اللہ ہی کی مدد سے ہے، اسی پر میرا بھروسہ ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں

(سورہ ہود، آیت:۸۸۔ 11 Surah hood"Ayat:88)

(۲) تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا اَللّٰهُ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

اے اللہ! آپ کے علاوہ کون؟! میں نے آپ پر بھروسہ کیا۔

I put my trust in you, oh Allah I am dependent upon no one but You.

(۳) تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَتَحَصَّنْتُ بِذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاسْتَعَنْتُ بِذِي الْكِبْرِيَاءِ وَالْمَلَكُوْتِ۔

میں بھروسہ کرتا ہوں اس زندہ پر جسے موت نہیں، میں اس کی حفاظت میں ہوں جو عزت اور جبروت والا ہے، میں اس سے مدد مانگتا ہوں جو بزرگی بڑائی اور اقتدار والا ہے۔

I put my trust in one who is All-Living and never dies. seek protection from the owner of honor and strength. I seek protection from the Lord of the dominion over everything

## ہدایت پانے کے لئے دعا

## Hidayat pane ke liye dua

## Dua to seek guidance

(۱) اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ

اے اللہ، مجھے ہدایت بخش اور میرے معاملے کو سیدھا کردے۔

Oh Allah Guide me and make goodness in all my affairs.

(Sahih muslim"kitab-al-zikr o dua-صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعا)

(۲) اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ وَأَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ

اے اللہ، مجھے میری رشد و ہدایت الہام کردے اور مجھے اپنی ہی خرابی سے بچنے کے لیے اپنی پناہ عطا کر۔

O Allah, inspire me with my guidance, and protect me from the evil of my soul

(Sunan-al-tirmizi"kitab-al-dawa:t-سنن الترمذی، أَبْوَابُ الدَّعَوَاتِ)

## اللہ کی مدد پانے کے لئے

## Allah ki madad pane ke liye

## To seek help from Allah

(۳) أَلَآ إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيبٌ

سن رکھو کہ اللہ کی مدد قریب ہی ہے

Behold! surely, the help of Allâh is always nearby.

( 2 Surah-AL-baqarah"Ayat:214-سورۃ البقرۃ،آیت:۲۱۴)

(۴) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَأَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ

یا اللہ میں کمزور ہوں مجھے طاقتور بنا دیجئے اور میں ذلیل وحقیر ہوں مجھے عزت دیجئے اور میں محتاج ہوں مجھے مالدار کیجئے ۔

Oh Allah I ask you to turn my weakness into strength and am humiliated so Honor me and am impoverished so grant me wealth.

(۵) اَغِثْنِيْ يَا اللّٰهُ

میری فریاد سن لیجئے یا اللہ!

Oh Allah ! Please help me

(٦) صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ۔

کہہ دو کہ ہم نے خدا کا رنگ (اختیار کرلیا ہے) اور خدا سے بہتر رنگ کس کا ہوسکتا ہے۔ اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں۔

(Assume) the attributes of Allah ! and who is fairer than Allâh in attributes? We are His worshippers ever.

(2 surah-al-baqrah"Ayat:138 -سورۃ البقرۃ،آیت:۱۳۸)

## اسباب پیدا ہونے کے لئے دعا

## Asbab paida hone ke liye dua

## For creation of attainment

يَا مُفَتِّحَ الْأَبْوَابِ -يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ

دروازوں کا کھولنے والا۔اسباب کا پیدا کرنے والا! ہمارے لئے اسباب پیدا کردیجئے

O the opener of doors ! O Originator of all means

## میرا پالنے والا تو وہی ہے

## Mera palne wala to wahi hai

## My sustenance is from Allah

(۱)قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ

آپ کہہ دیجئے کہ میرا پالنے والا تو وہی ہے اس کے سوا درحقیقت کوئی بھی لائقِ عبادت نہیں، اسی کے اوپر میرا بھروسہ ہے اوراسی کی جانب میرا رجوع ہے

Say, “He is my Lord; there is no deity except Him.Upon Him I rely, and to Him is my return.

(سورۃالرعد،آیت:۳۰-13-Surah-AL-Ra"d"Ayat;30)

(۲)اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے، خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہوجاتا ہے۔

Those who believe and whose hearts find peace in the remembrance of Allâh. Look! it is in the remembrance of Allâh alone that the hearts really find peace

(سُوْرَۃُ الرَّعد،آیت:۲۸-"50 Surah Al-Rad Ayat:28)

## رب کے فضل کا شکریہ

## Rab ke fazl kh shukriya

## Thanking Allah for his infinite grace

هٰذَا مِنۡ فَضۡلِ رَبِّیۡ

یہ میرے پروردگار کا ایک فضل ہے

This is by the grace of my lord

(سورۃالنمل'آیت:۴۰۔ 27Surah naml"ayat:40)

## خدا کی رحمت سے نا امید مت ہوں

## Khuda ki rahmat se na ummed mat hon

## Don't despair from the mercy of Allah

قُلۡ یٰعِبَادِیَ الَّذِیۡنَ اَسۡرَفُوۡا عَلٰۤی اَنۡفُسِهِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِیۡعًا اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ۔

آپ کہہ دیجئے کہ اے میرے بندو جنہوں نے (کفر وشرک کرکے) اپنے اوپر زیادتیاں کی ہیں کہ تم خدا کی رحمت سے نا امید مت ہو' بالیقین خدا تعالیٰ تمام (گزشتہ) گناہوں کو معاف فرمادے گا' واقعی وہ بڑا بخشنے والا بڑی رحمت والا ہے۔

Say, `O My servants who have committed excesses against their own souls, do not despair of the mercy of Allâh. Surely,Allâh forgives all sins.

Verily, He is the Great Protector, the Ever Merciful.´

( 39 Surah al-Zumar Ayat:53۔۵۳:سورۃالزمر'آیت)

## رب کا شکرادا کرنے کی دعا

## Rab ka Shukr ada karne ki dua

## Dua to Thank Allah

اَللّٰهُمَّ ما أَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ أَوْ بِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ، فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ۔

اے اللہ! مجھ پر یا تیری مخلوق میں سے کسی پر جس نعمت نے بھی صبح کی ہے وہ صرف تیری طرف سے ہے، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں، پس تیرے ہی لئے حمد اور تیرے ہی لئے شکر ہے۔

لیکن میں کبھی بھی تجھ سے دعا کر کے محروم نہیں رہا۔

My Lord! now the very bones within me have waxed feeble and the hair of (my) head are all gray and hoary, my Lord! never have I been deprived of a favourable response to my prayer to you.

(19 Surah maryam"Ayat:4-سورۃ مریم'آیت:۴)

## سینے کی بیماری دور کرنے کے لئے

## Sene ki bimari door karne ke liye dua

## Dua to get rid of chest diseases

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ

اور وہ مومن لوگوں کے سینوں کو شفا بخشتا ہے۔

Heal the hearts of the believers

(9 Surah-al-tawbah"Ayat:14 سورۃ التوبۃ'آیت:۱۴)

# مقصد پورا ہونے کے لئے دعائیں

Maqsad pura hone ke liye duain

Dua to accomplish goal

## پیر سلمان گیلانی قبلہ کی دی ہوئی دعا برائے حصولِ مقصد

Peer Salman Jeelani qiblah ki di hoi dua
husule maqsad ke liye

Duas recommended by Peer Salman Gilani Qibla
For protection from Shaitan and attainment of goal

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ،
وَسُوءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ۔

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں مصیبت کی سختی، تباہی تک پہنچ جانے، قضاء وقدر کی برائی اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔

I seek refuge with Allah from the difficult moment of a calamity and from being overtaken by destruction and from being destined to an evil end, and from the malicious joy of enemies

(Sahih-Al-Bukhari-kitab-al-da"wat صحیح البخاری، کتاب الدعوات۔)

بِسْمِ اللّٰهِ طَرِيْقُنَا وَالرَّحْمٰنُ رَفِيْقُنَا وَالرَّحِيْمُ يَحْرُسُنَا مِنْ كُلِّ شَرٍّ
يَلْمِسُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ۔وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

يَالَطِيْفُ يَارَزَّاقُ يَاوَهَّابُ يَامُعْطِيْ

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ، اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلاً، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ ۔

بسم اللہ ہمارا راستہ ہے' رحمان ہمارے ساتھ ہے' رحیم ہمیں پہنچنے والے شر سے ہماری حفاظت فرمائیگا۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ہماری کفایت ہے' حٰمٓعٓسٓقٓ ہماری حمایت ہے۔ اللہ ان (دشمنوں) کے مقابل تیرے لئے کافی ہوجائیگا اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ میں پناہ مانگتا ہوں گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے' اور ہر حسد کرنے والے سے جب وہ حسد کرے۔ اللہ ہمارے لئے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز' بہترین نگہبان اور بہترین مددگار ہے۔

اے مہربانی کرنے والے' اے رزق دینے والے' اے ہبہ کرنے والے' اے عطا کرنے والے۔

اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے' وہ جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے' اور وہی قوت والا اور غالب ہے' اے اللہ! کوئی آسانی نہیں سوائے اس کے جسے تو آسان کرے' اور تو جب چاہتا ہے مشکل کو آسان کر دیتا ہے' نہیں ہے کوئی طاقت وقوت مگر اللہ بزرگ وبرتر کی توفیق سے' درود وسلام ہو ہمارے آقا محمد ﷺ اور آپ کی آل واصحاب پر۔

## اپنے سب کاموں کی اصلاح کے لئے دعا

## Apne sab kamo ki islah ke liye dua

## Dua for rectification of affairs

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ۔

اے زندہ اور قائم رہنے والے! تیری رحمت کے سبب سے فریاد کرتا ہوں کہ میرے سب کاموں کی اصلاح فرمادے اور پلک جھپکنے تک کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر۔

O Ever-Living, O Self-Subsisting, by Your Mercy I seek (Your) assistance, rectify for me all my affairs and do not give me charge of myself, even for a blink of an eye. (Once in the morning and evening)

(Mustadrak hakim"kitab-al-dua المستدرک علی الصحیحین' کِتَابُ الدُّعَاءِ۔)

## کام بنانے کے لئے دعا

## Kam banane ke liye
## Dua for goodness in all affairs

وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا

اوراللہ پر بھروسہ کراوراللہ ہی کارساز کافی ہے۔

And put your trust in Allâh. Allâh is sufficient as a Disposer of affairs

(سورۃالأحزاب'آیت:۳۲۔33 Surah-al-ahzaab"Ayat:32)

## کامیابی کے لئے آیت

## Kamyabi ke liye ayat
## Dua for success

(۱)إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا

بے شک ہم نے آپ کوایک کھلی فتح دی۔

Surely We have given to you a clear victory.

(سورۃالفتح'آیت:۱۔48 Surah-al-fatah"ayat:1)

(۲) وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا

اورانہیں جلد ہی فتح دے دی

He rewarded them with a speedy Victory

(سورۃالفتح'آیت:۱۸۔48 Surah-al-fatah"ayat:18)

## حق کے ساتھ صحیح فیصلے کے لئے

## Haq ke sath sahi Faisle ke liye

## Dua for judgement with justice

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

اے میرے پروردگار! حق کے ساتھ فیصلہ کر دے۔اور ہمارا پروردگار بڑا مہربان ہے

(The Prophet praying to his Lord) said, `My Lord! judge with truth,´ Our Lord is the Most Gracious

(21 Surah-al-ambia"ayat:112- (سورۃالانبیاء'آیت:۱۱۲

## ہر طرح کی تنگی دور کرنے کے لئے آیت

## Tangi door karne ke liye ayat

## Dua to get rid of Adversities

سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا

اور خدا عنقریب تنگی کے بعد کشائش بخشے گا

Allâh will soon bring about easy times after hardships

(65 Surah-al- talaq"ayat:7 (سورۃالطلاق'آیت:۷۔

# مختلف کاموں کے لئے دعائیں

# Mukhtalif kamu ke liye duain

# Dua for different chores

## آرام کی نیند کے لئے دعا

## Aram ki nend ke liye dua

## Dua for a sound sleep

وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا

اور تمہاری نیند کو راحت کا باعث بنایا

And We have made your sleep a source of rest

(سورة النبأ، آیت: ۹۔ 78 Surah-al-naba"Ayat:9)

## اگر کسی بڑی مشکل اور پریشانی میں گرفتار ہو تو پڑھنے کی دعا

## Agar kisi pareshani me giraftar ho to

## Dua when you are going through tough times

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں اسی پر بھروسہ کئے ہوئے ہوں اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

Enough for me is Allāh. There is no God but He. I have reposed my trust in Him alone, and He is the Lord of the Mighty Throne.'

(سورة التوبة، آیت: ۱۲۹۔ 9 Surah-al-Tawbah"ayat:129)

## قرض کی ادائیگی کے لئے دعا

## Qarz ki adaiegi ke liye dua
## Dua for settlements of debts/loans

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑا ہی لطف کرنے والا ہے، جسے چاہتا ہے کشادہ روزی دیتا ہے
اور وہ بڑی طاقت، بڑے غلبہ والا ہے۔

Gracious is Allah to His servants: He gives Sustenance to whom He pleases: and He has power and can carry out His Will
(سورۃالشوری'آیت:۱۹ ۔ 42 Surah-al-shura"Ayat:19)

## امام جعفر صادق (رضی اللہ عنہ) سے منقول ہے کہ قرض واپس لینے کے لئے یہ دعا پڑھو

## Imam jafer sadiq se manqol qarz wapasi ki dua
Imam Jafer Sadiq is reported to have stated that the following supplication be recited :

اَللّٰهُمَّ لَحْظَةً مِنْ لَحَظَاتِكَ تُيَسِّرُ عَلٰى غُرَمَائِيْ بِهَا الْقَضَاءَ وَتُيَسِّرُ لِيْ بِهِ الْاِقْتِضَاءَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيٍّ قَدِيرٌ۔

اے معبود تیری نظروں میں سے ایک ہی نظر میرے قرض داروں پر قرض کی ادائیگی آسان کردے گی اور ان سے تقاضہ کرنا مجھ پر ہلکے کردے گی' کیونکہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

Oh Allah only your one sight is enough for me to settle debts of my creditors and lessen their pressure on me , Indeed you are capable of everything.

## با اختیار بننے کے لئے دعا

## Ba ikhtyaar banne ke liye dua

## Dua to become self-reliant

وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ نُصِيبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاءُ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۔

اور ہم نے اُسی طور پر یوسف (علیہ السلام) کو با اختیار بنا دیا کہ اس میں جہاں چاہیں رہیں سہیں، ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت متوجہ کر دیں۔ اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے

That is how We granted Yusuf high power in the country. He wielded authority therein wherever he chose. We bestow Our mercy on whomsoever We will and We suffer not the reward of the doers of excellent deeds to be lost.

(سورۃ یوسف' آیت:۵۶ 12 Surah yusuf"Ayat:56)

## خوف دور کرنے کے لئے آیت

## khouf door karne ke liye

## Dua to get rid of fear

وَلَا تَخَفْ إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ

اور ڈرو مت تم ہر (طرح) امن میں ہو

And have no fear. Surely, you are of those who are safe

(سورۃ القصص' آیت:۳۰۔ 28 Surah-al-qasas"ayat:30)

## دشمن کے مکر کو ناکام بنانے کے لئے

## Doshman ke makr ko nakam banane ke liye
## Dua to make the enemy's fraudulent efforts futile

فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ

غرض ان لوگوں نے ابراھیم (علیہ السلام) کے ساتھ مکروفریب کرنا چاہا سو ہم نے انہیں کو نیچا دکھایا

Thus they designed a plan against him, but we made them to the most humiliated.

(سورۃ الصافّات،آیت:۹۸۔ 37 Surah-al-saffat"ayat:98)

## دشمن سے مقابلے کے وقت کی دعا

## Dushman se muqabile ke waqt ki dua

## Dua before facing enamy

(۱) فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلَاءً حَسَنًا ۔ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۔ ذٰلِكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ مُوهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِينَ ۔

سوتم نے ان کو قتل نہیں کیا لیکن اللہ تعالیٰ نے (بیشک) انکو قتل کیا اور آپ نے خاک کی مٹی نہیں پھینکی جب آپ نے خاک کی مٹی پھینکی، لیکن اللہ تعالیٰ نے وہ پھینکی۔ اور تا کہ مسلمانوں کو اپنی طرف سے ان کی محنت کا خوب عوض دے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مومنین کے اقوال کو) خوب سننے والے (اور افعال واحوال کو) خوب جاننے والے ہیں۔ ایک (بات) تو یہ ہوئی اور (دوسری) واقعی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کافروں کی تدبیر کا کمزور کرنا تھا۔

So you did not slay them, but it was Allah Who slew them, and you did not smite when you smote (the enemy), but it was Allah Who smote, and that He might confer upon the believers a good gift from Himself; surely Allah is Hearing, Knowing.This, and that Allah is the weakener of the struggle of the unbelievers.

(سورۃ الانفال،آیت:۱۷،۱۸۔ 8 Surah-AL-anfal"Ayat:17"18)

(۲) يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ـ

اے نبی! تجھے اور مومنوں کو جو تیرے تابعدار ہیں اللہ کافی ہے۔

O Prophet! Allâh is sufficient for you and for the believers who follow you
(8 Surah-AL-anfal"Ayat:64 (سورۃالانفال'آیت:۶۴۔

(۳) اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ـ

بے شک وہ ایک تدبیر کررہے ہیں اور میں بھی ایک تدبیر کررہا ہوں پس کافروں کو تھوڑے دنوں کی مہلت دے دو

Surely they will make a scheme ,And I (too) will make a scheme. Therefore grant the disbelievers respite, yes grant them respite for a little while.
(86 Surah-al-Tariq"Ayet:15 to 17 (سورۃالطارق'آیت:۱۵تا۱۷۔

## کفّار کے حملے کے وقت کی دعا

## kuffar ke Hamle ke waqt ki dua

## Dua for protection against disbelievers' attack

بَلٰۤى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ

اٰلَافٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ـ

ہاں اگر تم دل کو مضبوط رکھو اور (خدا سے) ڈرتے رہو اور کافر تم پر جوش کے ساتھ دفعۃً حملہ کردیں تو پروردگار پانچ ہزار فرشتے جن پر نشان ہوں گے تمہاری مدد کو بھیجے گا۔

`Indeed (it does); and if you patiently persevere and guard against evil and they (- the enemies) come upon you suddenly and in hot haste of theirs, your Lord will reinforce you with five thousand swooping and havoc-making angels
(3 Surah aale imran"Ayat:125 (سورۃآل عمران'آیت:۱۲۵۔

## شہر میں امن وامان کے لئے دعا

Saher me aman o amaan ke liye dua

Dua for peace and harmony in the city.

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا

اے پروردگار! اس جگہ کو امن کا شہر بنا

My Lord! make this a city of peace.

(2 Surah-al-baqarah"Ayat:126 سورہ البقرۃ' آیت:۱۲۶)

## جھوٹے الزام سے بری ہونے کے لئے دعا

Jhoote ilzam se bare hone ke liye dua

Dua to prove yourself innocent from false allegations

رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ

اے میرے رب میرا بدلہ لے بوجہ اس کے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ہے۔

My Lord! help me for they treat me as a liar

(23 Surah-al-mominoon"Ayat:26 سورۃالمؤمنون:آیت:۲۶۔)

## جیل سے رہائی کے لئے دعا

Jail se rehai ke liye dua

Dua for freedom from captivity

وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ۔

اور اُس نے مجھ پر احسان کیا جب مجھے قید خانے سے نکالا۔

He has been gracious to me, indeed, when he released me out of the prison.

(12 Surah yusuf"Ayat:100 سورۃ یوسف' آیت:۱۰۰۔)

ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے

Khauf hoga na Gham hoga

You will be vouchsafed against the fear and grievance

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

بے شک جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اسی پر جمے رہے پس ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے

Verily those who say, "Our Lord is Allah," and remain firm (on that Path),- on them shall be no fear,nor shall they grieve.

(46 Surah-al-Ahqaaf"Ayat:13 (سورۃ الاحقاف' آیت:۱۳۔

آپسی دشمنی ختم

Apsei dushmani khatam

Dua for reconciliation amongst kinship

(۱) وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ۔

اور اُن کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب دور کردیں گے سب بھائی بھائی ہوں گے تختوں پر آمنے سامنے بیٹھنے والے ہوں گے

And We shall remove from their hearts any lurking sense of injury: (they will be) brothers (joyfully) facing each other on thrones (of dignity).

(15 Surah"-al-Hijr"Ayat:47 (سورۃ الحجر' آیت:۴۷۔

(۲) رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّکَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔

اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمانداروں کی طرف سے کینہ قائم نہ ہونے پائے اے ہمارے رب بے شک تو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

They say, `Our Lord! protect us and our brethren who took precedence over us in (accepting) the faith and let no rancour or spite occupy our hearts against those who believe. Our Lord! You are surely Compassionate, Ever Merciful.´

(56 Surah-al-hashr"Ayat:10 (سورۃ الحشر' آیت:۱۰۔

## عزت کی زندگی کے لئے دعا

## Ezzat ki zindagi ke liye dua

## Dua to lead a dignified life.

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ۔

اور ہم نے آدم (علیہ السلام) کی اولاد کو عزت دی اور ہم نے ان کو خشکی اور دریا میں سوار کیا اور نفیس نفیس چیزیں ان کو عطا فرمائیں اور ہم نے ان کو اپنی بہت سی مخلوقات پر فوقیت دی۔

And most surely We have made the Children of Adam greatly honoured and have carried them over land and sea, and We have provided them with good and pure things and have distinctly exalted them far above most of Our creation

(17 Surah-al-israa"Ayat:70 (سورۃ الاسراء' آیت: ۷۰۔

## سواری کی دعا

## Sawari ki dua

## Dua when you mount any mode of transport

بِاسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا إِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

اللہ ہی کے نام سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے، یقیناً میرا رب بڑی بخشش اور بڑے رحم والا ہے

With the name of Allâh and His help be its course and its mooring. Surely, my Lord is indeed Great Protector, Ever Merciful

(11 Surah surah hood"Ayat:41 (سورۃ ھود' آیت: ۴۱۔

## دعا کی قبولیت کے لئے دعا

## Dua ki quboliyet ke liye dua

## For assured acceptance of dua

(۱) قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ

تیرے تمام سوالات پورے کردیئے گئے

[ Allah ] said, "You have been granted your request, O Moses.

( 20 Surah taha"Ayat:36 (سورۃ طٰہٰ'آیت:۳۶۔

(۲) فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ۔

ہم نے اسکی دعا قبول فرمائی اور اسے اور اس کے گھر والوں کو بڑے کرب سے نجات دی۔

So We heard his prayer and delivered him and his companions from the great distressful calamity.

(21 Surah-al-anbiya"Ayat:76 (سورۃ الانبیاء'آیت:۷۶۔

## کفارۂ مجلس

## Kaffara e majlis

## Dua for the atonement after a gathering

( یہ دعا مجلس کے اختتام پر بھی پڑھی جاتی ہے اور وضو کے بعد کی مسنون دعاؤں میں سے بھی ایک ہے )

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ۔

اے اللہ! میں تیری پاکی بیان کرتا ہوں تیری حمد کے ساتھ' میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں' میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔

How perfect You are O Allah, and I praise You. I bear witness that None has the right to be worshiped except You. I seek Your forgiveness and turn to You in repentance

(Sunan abu dawood"kitab-al-adab- (سنن ابو داود'کتاب الأدب

## اگر چاہتے ہو کہ تمہیں شہادت جیسی سعادت میسر ہو

## Shadat ki maut ke liye

## Dua for dying as a martyr

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ

اے ہمارے رب! ہم اس کتاب پر ایمان لائے جو تو نے نازل فرمائی اور ہم نے اس رسول کی اتباع کی سو ہمیں (حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے۔

O our Lord! We have believed in the Book which You have sent down, and we have become the followers of this Messenger. So register us amongst those who bear witness (to the truth).'

(سورۃ آل عمران'آیت:۵۳۔ 3 Surah Aale imran"ayat:53)

## خاتمہ بالخیر کی دعا

## Khatimah bilkhair ki dua

## Dua for a good end

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۔

اے آسمان وزمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا و آخرت میں میرا ولی دوست اور کارساز ہے، تو مجھے اسلام کی حالت میں فوت کر اور نیکوں میں ملا دے۔

My Lord! You have bestowed a part of the sovereignty upon me and it is You Who have imparted me true knowledge of the significance of (divine) sayings. O You, the Originator of the heavens and the earth! You alone are my Patron in this world and the Hereafter. Let it be that I die in a state of complete submission (to You), let it be that I join the righteous.

(سورۃ آل یوسف'آیت:۱۰۱۔ 12 Surah yusuf"ayat:101)

# علم کے لئے دعائیں

# Ilm ke liye duain

# Dua to gain knowledge

## حصولِ علم کے لئے دعا

## Husoole ilm ke liye dua

## Dua to acquire knowledge

(۱) رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ۔ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ۔ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ۔ يَفْقَهُوا قَوْلِي ۔

اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے۔اور میرا کام آسان کر۔اور میری زبان سے گرہ کھول دے کہ وہ میری بات سمجھ لیں۔

`My Lord! (if you have chosen me for this mission) enlighten my mind, And make my task easy for me. And remove the impediments from my tongue, So that they may understand my speech

(سورۃ طٰہٰ'آیت:۲۵ تا ۲۸ -20 Surah taha"ayat:25 to 28)

(۲) اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۔ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ ۔ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۔ عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۔

پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا۔تو پڑھتا رہ تیرا رب بڑے کرم والا ہے۔جس نے قلم کے ذریعے (علم) سکھایا۔جس نے انسان کو وہ سکھایا جسے وہ نہیں جانتا تھا۔

Read with the name of your Lord Who created (all the universe),Who (also) created human being from a clot of blood Read and your Lord is Most Honorable, Who taught knowledge by means of the pen. He taught human being what he did not know.

(سورۃ العلق'آیت: ۱ تا ۵ 96 Surah-al-alaq"ayat:1- to 5)

## علمِ نافع کے لئے دعا

ilme nafe ke liye

Dua to seek beneficial knowledge

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا ۔

اے اللہ میں تجھ سے نفع مند علم، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔

Oh Allah ! I ask you for beneficial knowledge, pure sustenance and acceptance of deeds

(Sunan ibn e majah"kithb -al-salah ۔ سنن ابن ماجۃ، کتاب الصلاۃ)

## علم اور حکمت کے لئے دعا

Ilm o hikat ke liye dua

To acquire knowledge and wisdom

اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۔

ہم نے اسے حکمت اور علم دیا اور ہم نیکوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔

We granted him wisdom and knowledge, and thus do We reward the doers of good deeds to Others.

(12 Surah Yusuf "Ayat:22 سورۃ یوسف، آیت: ۲۲)

## علم میں اضافہ کے لئے دعا

Ilm me izafe ke liye

Dua to gain knowledge

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما

Oh Allah! Increase my knowledge

(20 Surah taha"ayat:114 ۔ سورۃ طٰہٰ، آیت: ۱۱۴ ۔)

## نہ بھولنے کے لئے آیت

## Na bholne ke liye ayat

## Dua against weakness of memory

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنسَىٰ

آپ کو پڑھا دیا کریں گے (یعنی یاد کرادیا کریں گے) پھر آپ (اسمیں سے کوئی چیز) نہیں بھولیں گے

We shall make you recite and then you will not forget

(87 Surah-al-a 'la"ayat:6- (سورۃالأعلیٰ‘آیت:٦

# صبح، شام پڑھنے کی دعائیں

# Subah sham padhne ki duain
# Duas for morning and evening

## صبح کے وقت پڑھنے کی دعا

## Subah ke waqt padhne ki dua
## Dua to be recited in the morning

أَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْإِسْلَامِ، وَعَلٰى كَلِمَةِ الْإِخْلَاصِ، وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا
مُحَمَّدٍ وَعَلٰى مِلَّةِ أَبِيْنَا إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔

میں نے صبح کی فطرتِ اسلام پر، کلمہ اخلاص پر، ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین پر، ہمارے (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) جد ابراہیم کی ملت پر جو کہ اللہ کی طرف یکسو اور ہر باطل سے جدا، مسلمان ہیں، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔

We rise upon the fitrah of Islam, and the word of pure faith, and upon the religion of our Prophet Muhammad and the religion of our forefather Ibraheem, who was a Muslim and of true faith and was not,Those who associate others with Allah. those who associate others with Allah.. Fitrah: the religion of Islam, the way of Ibraheem. Pure faith: the Shahada.

Note: for the evening, one reads amsayna instead of asbahna.

(Musna dahmed"munad-al-makkiyeen-مسند الامام أحمد:مسند المكيين)

## صبح، شام پڑھنے کا وظیفہ

## Subah sham ka wazifah

## Dua for morning and evening

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

There is no true deity except Allah, alone, He has no partners. To Him belongs the dominion and to Him is due all praise and He is upon all things Always All-Able. (Once in the morning and evening)

(Sahih-al-bukhari"kitab-al-da"wat-صحیح البخاری، کتاب الدعوات)

## صبح، شام کا وظیفہ (3 مرتبہ پڑھیں)

## Subah sham ka wazeefa(3 martaba)

## Wazifa for morning and evening(3 times)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ۔

پاک ہے اللہ اور اسی کی تعریف ہے اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا کے برابر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔

Glory be to Allah, and praise be to Him to the extent of the number of His creation and to the extent of His pleasure and to the extent of the weight of His Throne and to the extent of the ink of His words.

(Sahih muslim"kitab-al-zikr o al-dua..-صحیح مسلم، کتاب الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ)

## صبح، شام کے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔

اے اللہ! تیرے حکم سے ہم نے صبح کی اور تیرے حکم سے ہم نے شام کی اور تیرے حکم سے ہم جیتے اور تیرے حکم سے ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف پلٹ کر جانا ہے

O Allah! By Your leave we reach the morning and by your leave we reach the evening and by your leave we live and by your leave we will die and to you is our return.

(Sunan ibne majah"kitab-al-dua-سنن ابن ماجة" كتاب الدعاء)

## کاہلی اور بڑھاپے کی خرابی سے پناہ کے لئے صبح کے وقت پڑھنے کی دعا

## Kaheli aur Budhape ki Kharabi se panah ke lie subah padhne ki dua

## Dua to seek protection from laziness and old age , to be recited in the morning

أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، والْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَاإِلٰهَ إِلَّااللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ، وأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وشَرِّ مَا بَعْدَهُ، رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ، وَسُوْءِ الْكِبَرِ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِيْ النَّارِ، وَعَذَابٍ فِيْ الْقَبْرِ۔

ہم نے صبح کی اور اللہ کے سارے ملک نے صبح کی اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اس کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔ اے میرے رب! اس دن میں جو خیر ہے اور اس کے بعد میں جو خیر ہے میں اس کا تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اور اس دن

کے شر سے اور اس کے بعد والے کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے میرے رب! میں کاہلی اور بڑھاپے کی خرابی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اے میرے رب! میں آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

We have reached the morning and at this very time unto Allah belongs all sovereignty, and all praise is for Allah. None has the right to be worshipped except Allah, alone, without partner, to Him belongs all sovereignty and praise and He is over all things omnipotent. My Lord, I ask You for the good of this day and the good of what follows it and I take refuge in You from the evil of this day and the evil of what follows it. My Lord, I take refuge in You from laziness and senility. My Lord, I take refuge in You from torment in the Fire and punishment in the grave.

(Sahih muslim"kitab-al-zikr o al-dua-صحیح مسلم‘کتاب الذِّکْرِ وَالدُّعَاءِ-)

# جادو٬ بدنظری اور روحانی امراض سے حفاظت کے لئے دعائیں

# Jadu"badnazri aur rohani amraz Se hifazat ke liye duain

# Dua to seek protection from Black magic, evil eyes and spiritual sickness.

## جادو کا الٹ

## Jado ka ulat

## To reverse a hex

فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ

پھر وہ فوراً ہی نگلنے لگا جو انہوں نے جھوٹ بنایا تھا

Then Moses threw his rod, when behold, it straightway swallows up all the falsehoods which they fake!

( 26 Surah-AL-Shu'ra"Ayat:45-۴۵:سورۃالشعراء٬آیت) 26 )

## ہر طرح کے جادو ٹونے اور نظر بد کا توڑ

## Har tarah ka jado"tone aur nazare bad ka tod

## Dua to eliminate every kind of black magic and evil eye.

مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ.

جوتم لائے ہو وہ جادو ہے' اللہ اسے ابھی درہم برہم کردے گا بے شک اللہ شریروں کے کام نہیں سنوارتا۔

`What you have brought is a mere deception. Allâh will soon render it void (because) Allâh does not at all allow the machination of the mischief-makers to thrive.

(سورۃ یونس' آیت: ۸۱۔ 10 Surah yunus"Ayat:81)

## جادو کا اثر ختم

## . Har qism ka sehar khatam

## To eliminate affects of blackmagic

(۱) اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى۔

جو کچھ کہ انہوں نے بنایا ہے صرف جادوگر کا فریب ہے اور جادوگر کا بھلا نہیں ہوتا جہاں بھی ہو۔

what they have faked is but a magician´s trick: and the magician thrives not, (no matter) where he goes

(سورۃ طٰهٰ' آیت: ۶۹۔ 20 Surah Taha'Ayah:69)

(۲) جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا۔

حق آیا اور باطل مٹ گیا۔ بے شک باطل مٹنے ہی والا تھا

Truth has (now) arrived, and Falsehood perished: for Falsehood is (by its nature) bound to perish.

(سورہ الاسراء' آیت: ۸۱۔ 17 Surah-AL-israa"Ayat:81)

(۳) فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ۔

وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۔

پھر حق ظاہر ہو گیا اور جو انہوں نے بنایا تھا وہ غلط ہو گیا' پھر وہ اس جگہ ہار گئے اور ذلیل ہو کر لوٹے' اور جادوگر سجدہ میں گر پڑے

So the (great ones) were vanquished there and then, and were made to look small.

(سورۃ الأعراف' آیت: ۱۱۹۔ 7 Surah-AL-araf"ayat:119)

## غم سے نجات کے لئے دعا

## Gham se najat ke lie

## Dua to get of hardships and trials

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۔

سوہم نے ان کی دعا قبول کی اوران کواس گھٹن سے نجات دی، اورہم اسی طرح (اور) ایمان والوں کو( بھی غم سے ) نجات دیا کرتے ہیں۔

So We heard his prayer and We delivered him from grief, and in this way do We deliver the (true) believers.

(21 Surah-al-anbiya"Ayat:88- ۸۸ ۔(سورۃالأنبیاء،آیت:

## رنج وغم دور

## Ranj o Gham door

## Dua to get rid of sorrows

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۔

اللہ تعالیٰ کالاکھ لاکھ شکر ہے جس نے ہم سے (رنج و) غم دور کر دیا۔ بے شک ہمارا پروردگار بڑا بخشنے والا قدردان ہے۔

Praise be to Allah, Who has removed from us (all) sorrow: for our Lord is indeed Oft-Forgiving Ready to appreciate (service)

(Surah-al-fatir"Ayat:34- ۳۴ ۔(سورۃالفاظر:آیت:

(۲) لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو کہ عظمت والا اور بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو کہ عرش عظیم کا مالک ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو کہ آسمانوں کا رب، زمین کا رب اور عرش کریم کا رب ہے۔

None has the right to be worshipped but Allah the Incomparably Great, the

Compassionate. None has the right to be worshipped but Allah the Rubb of the Mighty Throne. None has the right to be worshipped but Allah the Rubb of the heavens, the Rubb of the earth, and the Rubb of the Honourable Throne

(Sahih-al-bukhari"kitab-al-da"waat-صحیح البخاری‘کتاب الدعوات)

(۳) اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تُنْجِيَنِيْ مِنْ هٰذَا الْغَمِّ۔

اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں محمد وآلِ محمد کے حق کے ساتھ کہ تو رحمت نازل فرما محمد وآلِ محمد پر اور یہ کہ مجھے اس غم و اندوہ سے نجات عطا فرما۔

Oh Allah I ask you in the name of Beloved Holy Prophet (PBUH) and his blessed children and shower your blessings upon The Holy Prophet (PBUH) and upon the his blessed lineage and get me out this trouble and trials.

## بے چینی، گھبراہٹ دور کرنے کے لئے دعا

## Ghabrahat door karne ke liye dua

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ۔

اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے! تیری رحمت کا واسطہ دے کر تجھے مدد کو پکارتا ہوں۔

Translation: Oh Living, oh Sustainer, in your mercy I plead for rescue. When you are depressed or in Anxiety or in Trouble insha ALLAH Wazifa for Gaining Confidence will help you out!

(Sunan-AL-Tirmizi"abwaab-al-da"waat-سنن الترمذی‘ابواب الدعوات)

## نظر بد سے بچنے کے لئے دعا

## Nazar e Badd se bachne ke liye dua
## Dua to seek protection from evil eye

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

اور یہ کافر جب قرآن سنتے ہیں تو (شدتِ عداوت سے) ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا آپ کو اپنی نگاہوں سے پھسلا کر گرا دیں گے (یہ ایک محاورہ ہے)' اور کہتے ہیں کہ یہ مجنون ہیں۔ حالانکہ یہ قرآن (جس کے ساتھ آپ تکلم فرماتے ہیں) تمام جہانوں کے واسطے نصیحت ہے۔

And the Unbelievers would almost trip thee up with their eyes when they hear the Message; and they say: "Surely he is possessed!" But it is nothing less than a Message to all the worlds.

(سورۃالقلم' آیت: ۵۱۔ 68 Surah-AL-qalam"Ayat:51 68)

## نفس کی شرارتوں سے حفاظت

## Nafs ki shararat se hifazat ke liye

## Dua for protection from one's evil self

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهُ وَ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ۔

اے زندہ اور قائم رہنے والے! تیری رحمت کے سبب سے فریاد کرتا ہوں کہ میرے سب کاموں کی اصلاح فرما دے اور پلک جھپکنے تک کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر۔

O Ever-Living, O Self-Subsisting, by Your Mercy I seek (Your) assistance, rectify for me all my affairs and do not give me charge of myself, even for a blink of an eye.

(المستدرک علی الصحیحین' کِتَابُ الدُّعَاءِ---Al mustadrak"kitab-al- dua)

## دشمن بھی دوست ہو جانے کے لئے دعا

## Dushman bhi dost ho jae

## Dua to befriend enemy

(1) عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

عجب نہیں کہ خدا تم میں اور ان لوگوں میں جن سے تم دشمنی رکھتے ہو دوستی پیدا کر دے۔ اور خدا قادر ہے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔

It may be that Allah will grant love (and friendship) between you and those whom ye (now) hold as enemies. For Allah has power (over all things); And Allah is Oft-Forgiving, Most Merciful.

(سورۃ الممتحنۃ' آیت:۷۔ 60 Surah-AL-mumtahinah"Ayat:7)

(2) وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي ۔

اور میں نے تم پر اپنی طرف سے محبت ڈال دی ہے۔

And I endowed you with My love

(سورۃ طٰہٰ' آیت:۳۹ - 20 Surah Taha"Ayat:39)

## بے چینی، رنج وغم اور بری عادتوں سے حفاظت کے لئے

## Bechini"Ranj wa gham aur buri aadatu se hifazat ke lie
## Dua for protection against anxiety, sorrow and bad habits.

(۱) اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ۔

اے اللہ! میں غم اور حزن سے، عاجزی اور کاہلی سے، بخیلی اور بزدلی سے، قرض کی کثرت اور لوگوں کے دباؤ سے تیری پناہ میں آنا چاہتا ہوں۔

O Allah! I seek refuge with You from worry and grief, from incapacity and laziness, from cowardice and miserliness, from being heavily in debt and from being overpowered by (other) men

(صحیح البخاری' کِتَابُ الدَّعَوَاتِ۔ Sahih-AL-bukhari"kitab-AL-da"waat)

(۲) بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ، اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحَزَنَ۔

خدا کے نام سے جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ عیاں ونہاں کا جاننے والا بڑے رحم والا مہربان ہے۔اے معبود: تو ہر اندیشہ وغم کو مجھ سے دور کر دے۔

In the name of God who alone has right to be worshipped, the knoweth of unseen and the most Gracious and the most Merciful,Oh ! Allah protect me from trials and sorrows.

(al mujam-al-ausat"babul ba-المعجم الاوسط، باب الباء)

## اگر چاہتے ہو کہ شیطان تم سے ہمیشہ دور رہے تو یہ پڑھئے

## Shaitanu se hifazat ke lie dua

## Dua for protection against devil.

رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

اے میرے رب! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور اے میرے رب! میں اس بات سے (بھی) تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

O my Lord! I seek refuge in you from the evil suggestions of the Shaitans

(23 Surah-AL-mominoon"Ayat:97 سورۃ المؤمنون:آیت:۹۷۔)

## رنج و تکلیف اور بادشاہ و حاکم کے خوف کو دور کرنے کیلئے دعائے اہل بیت پڑھنی چاہیے

## Takleef aur badesha aur hakim ke khuf ko door karne ke liye dua e ahle baith

## Dua e Ahlebait to be recited for protection against sorrows, troubles and fear of ruler or king.

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ، تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَآئِبِ، كُلُّ هَمٍّ وَ غَمٍّ سَيَنْجَلِيْ

بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ، وَبِنُبُوَّتِكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، وَبِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ۔

پکارو علی (علیہ السلام) کو جو کہ حیرت انگیز خصوصیات کا مظہر ہیں تو تم مصیبتوں میں انکو مددگار پاؤ گے۔ ہر رنج و غم چھٹ جاتا ہے تیری عظمت کے وسیلے سے اے اللہ! آپ کی نبوت کے وسیلے سے یا رسول اللہ ﷺ! اور آپ کی ولایت کے وسیلہ سے اے علی (علیہ السلام)۔

Call Ali, who is Manifestor of wonders, you shall surely find him helper in your difficulties, all grief and sorrow shall be removed. I submit my temporal wishes to you on whom I trust and always referred you to bestow fulfillment of temporal wishes. O! Having you bestowed support, O! the Appointed Wali, All grief and Sorrows will disappear, By the tremendousness O! Lord, By The by your Apostleship O! Muhammad, - Blessings of you on your Apostle & descendants, By you by your granted Power & Authority of Wail, O! Ali, O Ali, O! Ali Help

# دعائے رَبَّنَا (قرآنی دعائیں)

# Duaie rabbana(qurani duaein)

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔

اے ہمارے پروردگار ہم پر استقلال (غیب سے) نازل فرمایئے اور ہمارے قدم جمائے رکھئے اور ہم کو اس کافر قوم پر غالب کیجئے۔

`Our Lord! grant us perseverance and keep our footholds firm and help us against the disbelieving people

(سورۃ البقرۃ' آیت: ۲۵۰۔ 2 Surah-al-baqrah"ayat:250)

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے سو آپ ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجئے اور ہم کو عذابِ دوزخ سے بچا لیجئے۔

Our Lord! we have indeed believed: forgive us, then, our sins, and save us from the agony of the Fire

(سورۃ آل عمران' آیت: ۱۶۔ 3 Surah-aale imran"Ayat:16)

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۔

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔

اے ہمارے پروردگار! ہم نے پکارنے والے کو سنا کہ جو ایمان لانے کے واسطے اعلان کر رہا ہے کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے پرودگار! پس ہمارے گناہوں کو بھی معاف فرما دیجئے اور ہماری بدیوں کو بھی ہم سے زائل کر دیجئے اور ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ موت دیجئے۔ اے ہمارے پروردگار! اور ہم کو وہ چیز بھی دیجئے جس کا ہم سے اپنے پیغمبروں کی معرفت آپ نے وعدہ فرمایا ہے اور ہم کو قیامت کے روز رسوا نہ کیجئے۔ یقیناً آپ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔

Our Lord! protect us against our sins and rid us of our evils and cause us to die (and after death count us) with the virtuous.

Our Lord! grant us what You have promised us through Your Messengers and do not disgrace us on the Day of Resurrection. Surely, You do not break Your promise.´

(سورۃآل عمران‘آیت:۱۹۳‘۱۹۴۔ 3 Surah-aale imran"Ayat:193"194)

رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ

اے ہمارے رب! ہم اس کتاب پر ایمان لائے جو تو نے نازل فرمائی اور ہم نے رسول کی اتباع کی سو ہمیں (حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے۔

O our Lord! We have believed in the Book which You have sent down, and we have become the followers of this Messenger. So register us amongst those who bear witness (to the truth).'

(سورۃآل عمران‘آیت:۵۳۔ 3 Surah Aale imraan"ayat:53)

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔

اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر آپ ہماری مغفرت نہ کریں گے اور ہم پر رحم نہ کرینگے تو واقعی ہم بڑا نقصان اٹھانے والوں میں ہو جائینگے۔

`Our Lord! we have done injustice to our souls, and if You do not protect us (against the consequences of our faults) and do not have mercy on us, we shall surely be of the losers.´

(سورۃالاعراف‘آیت:۲۳۔ 7 Surah-al-a’raf"Ayat:23)

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ

اے ہمارے رب! میری مغفرت کر دیجئے اور میرے ماں باپ کی بھی اور کل مومنین کی بھی حساب قائم ہونے کے دن۔

`Our Lord! protect me, my parents and the believers, against faults on the day when the reckoning takes place.´

(سورۃابراھیم‘آیت:۴۱۔ 14 Surah ibrahim"Ayat:41)

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا

اے ہمارے رب! ہم سے جہنم کے عذاب کو پھیر دے' بلا شبہ اسکا عذاب بڑا مہلک ہے۔

Our Lord! avert from us the Wrath of Hell, for its Wrath is indeed an affliction grievous,

(25 Surah-al-furqan"Ayat:65- (سورۃالفرقان'آیت:٦٥

رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا

ہمارے پروردگار! ہم کو اپنے پاس سے رحمت کا سامان عطا فرمایئے اور ہمارے لئے (اس) کام میں درستی کا سامان مہیا کر دیجئے۔

`Our Lord! grant us mercy from Yourself and provide for us right course in our affair (setting all things right for us).´

(18 Surah-al-kahaf"Ayat:10 (سورۃالکھف'آیت:١٠ ـ

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے اللہ، ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی، اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔

`Our Lord! grant us good in this world as well as good in the Hereafter, and guard us against the chastisement of the Fire.

(2 Surah-al-baqrah"ayat:201- (سورۃالبقرۃ'آیت:٢٠١

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

اے ہمارے پروردگار! ہم آپ پر توکل کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

`Our Lord! in You we put our trust, and to You alone do we turn (in repentance), and towards You alone is the (final) return.

(60 Surah-al-mumtahinah"Ayat:4- (سورۃالممتحنۃ'آیت:٤

رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔

اے ہمارے رب! ہمارے لئے ہمارے اس نور کو اخیر تک رکھئے (یعنی راہ میں گُل نہ ہوجائے) اور ہماری مغفرت فرمادیجئے آپ ہر شے پر قادر ہیں۔

Our Lord! perfect our light for us and protect us (against our lapses). Verily You are Possessor of prudential power to do every desired thing

(سورۃالتحریم'آیت:۸-66 Surah-al-tahreem"Ayat:8)

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

اے ہمارے رب! ہم سے قبول فرمایئے۔ بلاشبہ آپ خوب سننے والے اور جاننے والے ہیں۔

`Our Lord! accept (this service) from us, You, indeed, You are the All-Hearing, the All-Knowing

(سورۃالبقرۃ'آیت:۱۲۷۔ 2 Surah-al-baqrah"Ayat:127)

# قصیدہ بردہ شریف سے علاج

# Qasidah burdah shareef se ilaj

جملہ مصائب سے حفاظت کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ مبارک کے قفل پر یہ لکھا ہے

Jumla masayeb se hifazat ke liye Huzoor ke roze Mubarak ke khofel ke upper ye likha hai

Dua from protection against miseries These verses are written on the lock of Prophet's chamber

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِىْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهُ

لِكُلِّ هَوْلٍ مِنَ الْأَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

وہی حبیبِ لبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں کہ امید کی گئی ہے انکی شفاعت کی ہر شدت اور مصیبت میں جو غلاموں پر نازل ہو چکی ہو۔

He is (Allah's) most beloved, whose intercession is hoped for. For every fear (and distress) that is going to come (on the day) of agony (and fears).

گناہوں کی معافی کے لئے

Gunahaon ki maafi ke liye

For forgiveness of sins

يَاأَكْرَمَ الْخَلْقِ مَالِىْ مَنْ أَلُوْذُ بِهٖ

سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ

اے بہترین کریمِ عالم! آپ کے سوا کوئی جگہ نہیں جہاں پناہ لوں مصیبت کے عام نزول کے وقت

The most generous of mankind, I do not have anyone to take shelter in except you at occurrence (at the time) of widespread calamity (last day, general resurrection day of agony and fears)

## مصیبتوں سے محفوظ رہنے کے لئے

## Musibato se mahfooz rahne ke liye

## For protection against adversities

(۱) مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

میرے مولیٰ درود اور سلام ہمیشہ ہمیشہ بھیج اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تمام مخلوق میں افضل و برتر ہیں۔

Oh my Lord !Send salutations and greetings forever upon your beloved creations.

(۲) مُحَمَّدٌ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ وَالثَّقَلَيْنِ
وَالْفَرِيْقَيْنِ مِنْ عُرْبٍ وَمِنْ عَجَمِ

